© rasailojaraid.com



عکاسی کرتا ہے۔ یہی وہ رسالہ ہے جس کو اردو کے قالب میں ڈھالنے کی مجھے سعادت حاصل ہوئی ہے۔ جو ماہنامہ "ترجمان الحدیث" میں قسط وار شائع ہوتا رہا ہے۔

**رسالہ شرح الصدور** یہ دوسرا رسالہ ہے۔ جس کا ترجمہ کرنے کے لئے قلم ہاتھ میں تھاما ہے۔ یہ بھی شرک و بدعات کی تردید میں ہے

یہ امام محمد بن علی بن عبداللہ جو امام شوکانی کے نام سے مشہور ہیں۔ کی تصنیف ہے۔

**مصنف کے حالات کی ایک جھلک** آپ بارھویں صدی ہجری کے ربع آخر کے لگ بھگ پیدا ہوئے۔ اور تقریباً پون صدی تک اپنی علمی ضیاء سے کائنات ارضی کو منور کرنے کے بعد ۱۲۵۰ھ کو اپنے خالق حقیقی کے بلاوا پر عالم آخرت کو سدھار گئے۔ آپ نے صغر سنی میں ہی قرآن کریم کو زبانی یاد کر لیا۔ بعد ازاں متعدد اساتذہ کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا۔ ان سے علم تجوید، قرأت، تفسیر قرآن اور حدیث کا علم مکمل حاصل کیا۔ پھر فقہ اصول فقہ، علم بلاغت، منطق، ادب اور علم مناظرہ میں مہارت تامہ حاصل کی۔ آپ نے کسی علم کو بھی ادھورا نہیں چھوڑا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ آپ اپنے ہمعصروں سے علوم شریعت میں گوئے سبقت لے گئے۔ تحصیل علم سے فارغ ہو کر مسند تدریس پر براجمان ہوئے۔ اور ساتھ ساتھ اشہب قلم کو میدان قرطاس میں دوڑانے لگے۔ ساری عمر یہی مشغلہ رہا۔ حتیٰ کہ ان کے حقیقی، مالک کی طرف سے موت کا بلاوا آگیا پھر سب کچھ چھوڑ کر اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ تغمده الله برحمته الواسعة۔

آپ کی تدریس اور تصنیف سے بے شمار اور لاتعداد لوگوں نے فائدہ حاصل کیا۔ آپ کی تصنیفات کی فہرست کافی طویل ہے۔ ان میں سے چند مشہور کتب مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار۔ ۲۔ ارشاد الفحول فی علم الاصول ۳۔ الدر النضید فی اخلاص کلمۃ التوحید ۴۔ مفید المستفید فی رد علی من انکر الاجتہاد من اھل التقلید ۵۔ رسالہ شرح الصدور فی تحریم رفع القبور۔

**اس رسالہ کا موضوع** مصنف رحؒ نے اس رسالہ میں یہ ذکر کیا ہے۔ کہ جب کبھی مسلمانوں کا کسی مسئلہ میں آپس میں نزاع پیدا ہو جائے تو اس کا فیصلہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ سے کرایا جائے۔ کیونکہ کتاب و سنت ہی صحیح معنوں میں عادل، قاضی اور جج ہیں۔ کیونکہ حق و باطل کی تمیز کے لیئے یہ کسوٹی ہیں۔ عالم، مجتہد

© rasailojaraid.com

